کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیو مہم کے تیسرے روز کا جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈی ایچ او، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، تمام متعلقہ ڈی ڈی اوز، علماء کرام، مدارس اور پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی، جبکہ اسکولوں اور مدارس میں بچوں کی پولیو ویکسینیشن کوریج کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایت کی کہ جن اسکولوں اور مدارس میں پولیو ٹیمیں تاحال کوریج نہیں کر سکیں، وہاں فوری طور پر خصوصی ٹیمیں اور کمیٹیاں تشکیل دی جائیں، جن کی نگرانی متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہر اسکول اور مدرسے میں 100 فیصد کوریج لازمی ہے۔ کسی بھی اسکول یا مدرسے کی جانب سے پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون نہ کرنے یا بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کی صورت میں متعلقہ ذمہ داران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پولیو مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے فیلڈ میں مؤثر نگرانی اور باہمی رابطے کو یقینی بنایا جائے۔

## بی ٹیوٹا کے تحت کام کرنیوالے اداروں کو مرکزی نگرانی میں منظم کیا جائے، چیف سیکرٹری

**[illegible]**

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت آج بی ۔ ٹیوٹا (B-TEVTA) کے امور سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں ٹیکنیکل و ووکیشنل تعلیم کی بہتری اور نوجوانوں کو روزگار سے جوڑنے کے لیے جامع حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں مینجنگ ڈائریکٹر بی۔ ٹیوٹا نے صوبائی سطح پر جاری اور آئندہ منصوبوں کا جائزہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ بی۔ ٹیوٹا (B-TEVTA) بلوچستان میں فنی و پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار [illegible] ہے۔ اس وژن کے تحت نوجوانوں کی تربیت کا آغاز کیا جا رہا ہے، تربیتی نصاب کو ملکی اور بین الاقوامی مزدوری مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق اپ ڈیٹ کیا جا رہا ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے بہترین اور پائیدار مواقع فراہم ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ، اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن (ڈیجیٹل ٹی ٹیوٹا)، اور داخلہ کے نظام کو مرکزی اور شفاف بنانے کے لیے 90 روزہ ترتیبی پلان پر عمل درآمد جاری ہے، جو صوبے کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور روشن مستقبل کی جانب ایک سنگ میل ثابت ہو۔

## نوشکی کے کسی بھی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملا، انتظامیہ

**سوشل میڈیا پر نوشکی کے متعدد علاقوں سے آبادی دو ماہ کیلئے منتقلی کی خبروں سے مکینوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کا نوشکی کے کسی بھی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق فیصلے سے لاعلمی کا اظہار، محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال اس بارے کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملا۔ نوشکی کے متعدد علاقوں کی آبادی دو ماہ کے لئے منتقلی کا امکان۔ سوشل میڈیا پر علاقہ خالی کرنے کے خبروں کے چلنے کے بعد علاقہ مکینوں میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے نام سے منسوب سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کے مطابق ماہ ستمبر کے دوران نوشکی کے مختلف علاقوں کلی بھٹو، کلی ہاردنی، کلی احمد وال اور کلی جورکین کی آبادی کو ممکنہ طور پر دو ماہ کے لئے عارضی طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے گا۔ خبر کے مطابق ان علاقوں کے مکینوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ گھروں سے منتقلی سے قبل احمد وال زائرین کیمپ میں اپنی رجسٹریشن کرائیں اور ضروری سامان اپنے ہمراہ لے جائیں۔

## ڈیڑھ سو سال پرانا پاکستان ریلویز کا انفرااسٹرکچر انتہائی خستہ حالی کا شکار ہو چکا

**مین لائن ون کا 72 فیصد اور روہڑی سے تفتان تک مین لائن تھری کا 92 فیصد ٹریک زائد المیعاد ہو گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورے کے دور کا ڈیڑھ سو سال پرانا پاکستان ریلویز کا انفرااسٹرکچر انتہائی خستہ حالی کا شکار ہو چکا ہے، پاکستان ریلوے کے پاس مجموعی طور پر 7 ہزار 791 کلومیٹر روٹ اور 11 ہزار 881 کلومیٹر ٹریک موجود ہیں لیکن ان میں سے بیشتر زائد المیعاد ہو چکے۔ سب سے زیادہ خستہ حالی کا شکار سکھر سے کراچی تک کا ریلوے ٹریک ہے۔ ذرائع کے مطابق پشاور سے کراچی تک مین لائن ون کا 72 فیصد ٹریک اپنی عمر پوری کر چکا جبکہ اٹک سے کوٹری تک مین لائن ٹو کا 88 فیصد اور روہڑی سے تفتان تک مین لائن تھری کا 92 فیصد ٹریک زائد المیعاد ہو چکا۔ پاکستان ریلوے کی تین ہزار 840 کلومیٹر برانچ لائن بھی 98 فیصد تک زائد المیعاد قرار دی گئی ہے۔



## رجسٹرڈ و قانونی مجاز ادویات فروخت کی جائیں' ڈرگ کنٹرول ایڈمنسٹریشن

**بچوں کی غیر معیاری غذائی مصنوعات کی خرید و فروخت پر کارروائی ہوگی' ڈرگ انسپکٹر**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایات پر ڈرگ کنٹرول ایڈمنسٹریشن کی ٹیم نے کوئٹہ، کچلاک اور نواں کلی میں کارروائی کرتے ہوئے 45 فارمیسیز اور میڈیکل اسٹورز کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران 8 مقامات سے 210 کلوگرام غیر معیاری، غیر رجسٹرڈ، غیر لیبل شدہ اور غیر منظور شدہ غیر معیاری بچوں کی غذاء برآمد کر کے سرکاری تحویل میں لے لیا گیا، جبکہ متعلقہ افراد کے خلاف قانونی کارروائی ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

شروع کر دی گئی۔ دکانداروں کو خبردار کیا گیا کہ غیر رجسٹرڈ اور غیر معیاری بچوں کی غذائی مصنوعات کی خرید و فروخت یا ذخیرہ کرنے کی صورت میں ڈرگ سیل لائسنس کی منسوخی سمیت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ عوام بالخصوص والدین سے اپیل ہے کہ بچوں کیلئے صرف رجسٹرڈ، معیاری اور مستند دودھ استعمال کریں۔ اس کے علاوہ سینئر ڈرگ انسپکٹر خرم شہزاد نے سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ میں مختلف میڈیکل اسٹورز کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ کوئی بھی غیر قانونی، غیر رجسٹرڈ، غیر معیاری، جعلی یا مشکوک ادویات/مصنوعات (بشمول دودھ) برآمد نہیں ہوئیں۔ میڈیکل اسٹورز کے مالکان/پروپرائٹرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ صرف رجسٹرڈ اور قانونی طور پر مجاز ادویات اور علاجی اشیاء (Therapeutic Goods) ہی خریدی، ذخیرہ اور فروخت کی جائیں، اور اس سلسلے میں ڈرگ ایکٹ 1976، ڈریپ ایکٹ 2012 اور متعلقہ قواعد و ضوابط کی مکمل پابندی کی جائے۔ انہیں مزید متنبہ کیا گیا کہ کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## کوئٹہ کے مرکزی تجارتی علاقوں میں تجاوزات کیخلاف کارروائیاں تیز

**پرنس روڈ، لیاقت بازار، فاطمہ جناح روڈ کے مرکزی بازاروں میں آپریشن کیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے کوئٹہ کو منظم، خوبصورت اور ماڈل شہر بنانے کے وژن کے تحت شہر کے مرکزی تجارتی علاقوں میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے اینٹی انکروچمنٹ اور زرغون زون مانیٹرنگ سیل عملے نے پرنس روڈ، لیاقت بازار، فاطمہ جناح روڈ اور گردونواح کے مرکزی بازاروں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی اینٹی انکروچمنٹ زون انچارج علی رضا درانی ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اور زرغون زون کے سپروائزر نہال دین بگٹی کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی، جس کے دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کو ہٹا کر راستے کلیئر کیے گئے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن شہر کے مرکزی بازاروں میں غیر قانونی طور پر سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھنے اور گزرگاہوں کو محدود کرنے سے نہ صرف شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 04 SEP 2026 Page No. 15

# گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدت کاری، 12 ارب کا منصوبہ شروع

**ری سائیکلنگ کو ہانگ کانگ کنونشن سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے، جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ مرکز بنایا جائے گا**

**گڈانی میں 30 بستروں کا اسپتال، اسکول اور مزدور کالونی بھی بنائی جائے گی، وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کا اعلان**

کراچی (این این آئی) گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدت کاری کے لیے 12 ارب روپے کا منصوبہ شروع کر دیا گیا۔ وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کی زیر صدارت گڈانی شپ ری سائیکلنگ سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری پر باقاعدہ کام شروع کرنے کا اعلان کیا گیا۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی شپ ری سائیکلنگ کو ہانگ کانگ کنونشن سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے۔ گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری 12 ارب روپے کا منصوبہ ہے، جس کے تحت اسے جدید اور ماحول دوست شپ ......

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ری سائیکلنگ مرکز بنایا جائے گا۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ مزدوروں کی صحت اور فلاح کے لیے ہر ممکن اقدام کیے جائیں گے۔ گڈانی میں 30 بستروں کا اسپتال، اسکول اور مزدور کالونی بھی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ گڈانی میں صنعتی اور خطرناک فضلے کے انتظام کی سہولیات قائم کی جائیں گی۔ گڈانی کی اپ گریڈیشن سے سرگرمیاں بڑھیں گی اور روزگار کو فروغ ملے گا۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی میں معاشی سرگرمی اور ماحولیاتی پائیداری ساتھ آگے بڑھیں گی۔

INTEKHAB QUETTA

# چمن میں غذائی قلت کے شکار بچوں کیلئے لائف سیونگ خوراک ختم

**بدامنی سے RUTF کی سپلائی معطل، سینکڑوں بچوں کی زندگی خطرے سے دوچار**

چمن (نامہ نگار) کوئٹہ کراچی شاہراہ پر بدامنی اور ٹرکوں کو جلانے کے واقعات کے باعث نیو ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال چمن میں غذائی قلت کا شکار بچوں کے لیے لائف سیونگ خوراک R U T F
Ready-to-Use Therapeutic Food
کا اسٹاک مکمل طور پر ختم ہو گیا ہے۔ اسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ RUTF کی آخری کھیپ چند ہفتے قبل کراچی سے آئی تھی لیکن

بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

شاہراہ پر ٹرکوں کو نذر آتش کیے جانے کے باعث سپلائی معطل ہو گئی ہے۔ جس کے باعث اسپتال میں داخل اور اس پروگرام میں رجسٹرڈ سینکڑوں کمزور اور غذائی قلت کے شکار بچوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئی ہیں۔ مونگ پھلی، دودھ، چینی اور دیگر اجزا سے بنی خصوصی غذائی پیسٹ ہے۔ 6 ماہ سے 5 سال تک کے شدید غذائی قلت کے شکار بچوں کے علاج کے لیے عالمی ادارہ صحت کی منظور شدہ واحد خوراک ہے۔ ایک بچے کو مکمل صحت یابی کے لیے 6 سے 8 ہفتے تک روزانہ RUTF درکار ہوتا ہے۔ نیو ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال چمن کے ڈاکٹرز کے مطابق اسٹاک ختم ہو گیا ہے [illegible] کمزور اور غذائی قلت کا شکار بچوں کے کیس رپورٹ ہو رہے ہیں روزانہ کی بنیاد پر کمزور بچے لائے جا رہے ہیں جنہیں خوراک نہیں دی جا سکتی۔ ڈاکٹرز مجبوراً دودھ اور دلیہ پر گزارا کروا رہے ہیں جو RUTF کا نعم البدل نہیں۔ ڈاکٹرز کے مطابق کم وزن بچوں کو دیر کر رہے ہیں۔ بغیر RUTF کے ان بچوں کی اموات کا خطرہ 10 گنا بڑھ جاتا ہے کوئٹہ کراچی شاہراہ بلوچستان کی لائف لائن ہے۔ اس پر بدامنی، ٹرک جلانے اور راستے بند ہونے سے اسپتالوں کی ادویات اور بچوں کی خصوصی خوراک RUTF جیسی سپلائی متاثر ہو رہی ہے۔ چمن جیسے سرحدی ضلع میں متبادل راستہ بھی نہیں ہے۔ والدین، ڈاکٹرز اور سول سوسائٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، سیکرٹری صحت، کمشنر کوئٹہ اور وفاقی حکومت سے ہنگامی مطالبہ کیا ہے کہ [illegible] میں RUTF کی فوری ہنگامی سپلائی چمن بھجوائی جائے۔ کوئٹہ کراچی شاہراہ پر پائیدار امن قائم کر کے ادویات کو تحفظ دیا جائے۔ چمن اسپتال کے لیے RUTF کا 3 ماہ کا بیک اپ اسٹاک رکھا جائے۔ [illegible] ہنگامی بنیادوں پر خوراک بھجوائی جائے۔ بچے کے والد نے روتے ہوئے کہا ڈاکٹر کہتے ہیں بچے کو خاص خوراک چاہیے مگر [illegible] نہیں۔

Century Express Quetta

# مائی سبھائی قتل، غلط معلومات کی تصحیح کی جائے، DC جنوبی ڈیرہ بگٹی

**میڈیا حساس نوعیت کے واقعات میں مجاز حکام سے تصدیق ضرور کیا کرے**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر جنوبی ڈیرہ بگٹی نے لوک فنکارہ مائی سبھائی کے مبینہ قتل سے متعلق مختلف میڈیا پلیٹ فارمز پر نشر و شائع ہونے والی خبروں کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ رپورٹس میں واقعے اور اس کے مقام سے متعلق غلط اور گمراہ کن معلومات نشر کی گئی ہیں ڈپٹی کمشنر جنوبی ڈیرہ بگٹی کے مطابق بعض ٹی وی چینلز، اخبارات اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر مائی سبھائی کے قتل سے متعلق خبریں نشر و شائع کی گئیں تاہم ان خبروں میں بیان کردہ واقعے سے متعلق معلومات حقائق پر مبنی نہیں اور غیر مصدقہ ہیں انہوں نے کہا کہ

(باقی صفحہ 5 نمبر 35)

حساس نوعیت کے واقعات سے متعلق غیر مصدقہ اطلاعات کی تشہیر سے عوام میں بے چینی اور غلط فہمی پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ علاقے کی امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے بھی منفی تاثر پیدا ہو سکتا ہے ڈپٹی کمشنر نے میڈیا سے اپیل کی کہ حساس نوعیت کے واقعات سے متعلق کوئی بھی خبر نشر یا شائع کرنے سے قبل ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے مجاز حکام سے حقائق کی تصدیق ضرور کی جائے تاکہ غلط معلومات کے پھیلاؤ سے گریز کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ذمہ دارانہ صحافت کا تقاضا ہے کہ کسی بھی واقعے کی رپورٹنگ میں تصدیق شدہ معلومات کو ترجیح دی جائے اور غیر مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر خبریں نشر کرنے سے اجتناب کیا جائے ڈپٹی کمشنر جنوبی ڈیرہ بگٹی نے متعلقہ میڈیا اداروں سے بھی درخواست کی کہ مائی سبھائی کے قتل سے متعلق نشر و شائع کی گئی غلط معلومات کی مناسب تصحیح اور وضاحت جاری کی جائے تاکہ عوام کے سامنے حقائق واضح ہو سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 04 SEP 2026 Page No. 16

---

بلوچستان اسمبلی

## کوئٹہ میں انٹرنیشنل اسٹینڈرڈ کے کینسر ہسپتال سمیت 4 قراردادیں منظور

پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب کے ہوائی اڈوں سے پروازیں بحال، سندھ میں پشتون تاجروں کو تنگ کرنیوالے پولیس اہلکاروں کیخلاف محکمانہ کارروائی کیجائے

میر اسد بلوچ، علی اصغر ترین، مولانا ہدایت الرحمن، سید ظفر آغا کی پیش کی گئی قراردادیں اور انسداد دہشتگردی ترمیمی قانون منظور

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب کے ہوائی اڈوں سے ملک کے اہم شہروں کے لئے باقاعدہ پروازوں کی بحالی، سندھ میں پشتون تاجروں کے خلاف کارروائی کرنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی اور سندھ میں پشتون تاجر برداری، ان کے کاروبار کو مکمل تحفظ فراہم کرنے، منشیات کے استعمال و فروخت اور اسمگلنگ کے خلاف سخت قوانین مرتب کرنے کو یقینی بنانے اور صوبے میں کینسر جیسے موذی مرض کے علاج کیلئے انٹرنیشنل طرز کے کینسر اسپتال کے قیام سے متعلق قراردادیں منظور کرلی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعرات کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں بی این پی عوامی کے سربراہ رکن اسمبلی میر اسداللہ بلوچ نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب میں ہوائی اڈے طویل عرصے سے غیر فعال ہیں۔ یہ ہوائی اڈے ان اضلاع اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو کوئٹہ اور ملک کے دیگر حصوں سے فضائی رابطہ فراہم کرنے کے لئے نہایت ہی اہم اور موثر ذریعہ بن سکتے ہیں۔ یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت، وزارت ہوابازی اور متعلقہ قومی و نجی فضائی کمپنیوں سے فوری اور موثر طور پر رابطہ کرتے ہوئے پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب کے ہوائی اڈوں سے ملک کے اہم شہروں بالخصوص کوئٹہ، کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے لئے باقاعدہ طور پر پروازوں کی بحالی اور تسلسل کو یقینی بنانے کے لئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات اٹھائے تاکہ صوبے کے عوام کو درپیش سفری مشکلات کا ازالہ کرتے ہوئے انہیں کوئٹہ اور ملک کے دیگر حصوں تک محفوظ اور سہل فضائی سفر کی سہولت میسر آسکے۔ ایوان نے قرارداد منظور کرلی۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن اصغر علی ترین نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پشتون محنت کش و جفاکش قوم ہے، پشتون قبائل جن میں زیادہ تر لوگ ضلع پشین، قلعہ عبداللہ، چمن، لورالائی، ہرنائی، دکی اور زیارت سے تعلق رکھتے ہیں ان تمام اضلاع کے افراد اپنی زندگی، گزر بسر و کاروبار سندھ کے گنجان آباد شہروں میں زیادہ تر کراچی، حیدرآباد، سکھر میں رہتے ہیں اور ان کے بیشتر کا تعلق ہوٹلنگ کے کاروبار سے وابستہ ہے۔ حالیہ دنوں میں کراچی میں سندھ پولیس کی جانب سے محنت کش تاجروں پر مبینہ تشدد اور ان کے قانونی روزگار کو زبردستی بند کرنا نہ صرف سراسر زیادتی ہے بلکہ قانون کی حکمرانی کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے۔

---

اسپیکر نے ریمارکس حذف کردیئے

## صوبائی وزیر و پارلیمانی سیکرٹریز کی صادق عمرانی کیخلاف قرارداد مذمت منظور

محرکین میں صوبائی وزراء ضیا لانگو، بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، علی مدد جتک، پارلیمانی سیکرٹریز برکت رند، اسفندیار، ارکان اسمبلی فرح عظیم شاہ اور اشوک کمار شامل

انکی باتیں غیر پارلیمانی اور ریمارکس ناقابل برداشت، اپنے ریمارکس پر معافی مانگیں (محرکین کا مطالبہ) میں نے جو بات کی اس پر قائم ہوں، صادق عمرانی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے صوبائی وزیر محمد صادق عمرانی کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی، صوبائی وزیر 31 اگست 2026ء کی اسمبلی نشست میں نے گمراہ کن، نامناسب اور قابل اعتراض الفاظ استعمال کیے، محرکین، اسپیکر نے صادق عمرانی کے 31 اگست کے اجلاس کی کارروائی سے ریمارکس حذف کرنے کی رولنگ دیدی۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعرات کو صوبائی وزراء میر ضیاءاللہ لانگو، بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، علی مدد جتک، پارلیمانی سیکرٹریز برکت رند، اسفندیار کاکڑ، ہادیہ نواز اراکین اسمبلی فرح عظیم شاہ اور اشوک کمار کی مشترکہ مذمتی قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے علی مدد جتک کہا کہ 31 اگست 2026ء کی اسمبلی کی نشست میں صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے ایسے گمراہ کن، نامناسب اور قابل اعتراض الفاظ استعمال کیے گئے جن سے نہ صرف معزز اراکین اسمبلی کی توہین اور ان کی پارلیمانی حیثیت کی توہین ہوئی بلکہ پورے ایوان کے تقدس وقار اور استحقاق کو بھی شدید مجروح اور عوام اور ریاست کے خلاف ورغلانے کی کوشش کی گئی۔ یہ ایوان ان کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ اراکین اسمبلی عوام کے منتخب نمائندے ہیں ان کی عزت وتکریم دراصل عوام کے مینڈیٹ، جمہوری اقدار اور پارلیمانی ادارے کے احترام کی عکاسی کرتا ہے کسی بھی معزز رکن کے خلاف غیر پارلیمانی تحقیر آمیز گمراہ کن یا توہین آمیز الفاظ کا استعمال محض ایک فرد کی دل آزاری نہیں بلکہ اس ایوان اور اس کے تمام منتخب اراکین کی اجتماعی توہین تصور ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ ایوان صوبائی وزیر آبپاشی کی جانب سے ادا کیے گئے الفاظ کی ایک دفعہ پھر شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سفارش کرتا ہے کہ 31 اگست 2026 کی اسمبلی نشست میں صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی جانب سے ادا کیے گئے الفاظ کو اسمبلی کی کارروائی سے فوری طور پر حذف کیے جائیں۔ قرارداد کی موزونیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے رکن علی مدد جتک نے کہا کہ 31 اگست کے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر صادق عمرانی نے بلوچستان سے اسلام آباد جانے والے سیاسی و قبائلی رہنماؤں اور معززین کے وفد سے متعلق جو غلط ریمارکس دیئے اسلام آباد میں بلوچستان سے جانے والے وفد کی انتہائی احترام اور باعزت طریقے سے مہمان نوازی کی گئی، فیلڈ مارشل عاصم منیر، کور کمانڈر کوئٹہ اور دیگر اعلیٰ عسکری قیادت اور وزیراعظم سے ملاقات میں بلوچستان سے جانے والے وفد نے صوبے کے تمام مسائل پر کھل کر بات کی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اپنی انگشت ورکشاپ کے شرکاء کے ساتھ لگوا کر بلوچستان کے وفد کو عزت دی۔

---

INTEKHAB QUETTA

بلدیاتی نظام آرڈیننس بل منظور

## قائمہ کمیٹی داخلہ کا اجلاس بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر بحث

اسپیکر خود جائیں تو ٹھیک، ہم کہیں تو حالات خراب، جمال رئیسانی، کوشش ہے وزیراعلیٰ اور وزیر داخلہ بلوچستان کمیٹی کو بریفنگ دیں، طلال چوہدری

قانون سازی کا مقصد اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کا التوا لگتا ہے، مسلسل ترمیمی بلز اور آرڈیننس لانا انتخابی عمل میں رکاوٹ ہے، پیپلز پارٹی کا اختلافی نوٹ

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی داخلہ کمیٹی نے بلدیاتی نظام آرڈیننس بل 2025 منظور کرلیا، پیپلز پارٹی کا اختلافی نوٹ بھی بل میں شامل کردیا گیا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس رجبہ خرم نواز کی صدارت میں ہوا جس میں بلوچستان کی صورتحال اور اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر ان کیمرہ بریفنگ کا معاملہ اٹھایا گیا۔ چیئرمین کمیٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی کو خط لکھنے کا ذکر کیا۔ اسپیکر نے کہا کہ سیکورٹی صورتحال ایسی ہے کہ وہاں بریفنگ نہیں ہوسکتی۔ اس پر جمال رئیسانی نے کہا کہ اسپیکر خود جائیں تو

بقیہ نمبر 45 صفحہ 5 پر

حالات ٹھیک ہیں، ہم کہیں تو حالات ٹھیک نہیں۔ وزیر مملکت داخلہ نے بتایا کہ کل بھی وزیراعظم کو درخواست کی گئی تھی جبکہ طلال چوہدری نے کہا کہ کوشش ہے کہ وزیراعلیٰ اور وزیر داخلہ بلوچستان کمیٹی کو بریفنگ دیں۔ آغا رفیع اللہ نے کہا کہ ریاست تیار ہے مگر جمہوریت راہ فرار اختیار کررہی ہے۔ اجلاس کے دوران وزیر مملکت نے مشورہ دیا کہ جانے سے پہلے اسلام آباد آنے والے 250 افراد کی تفصیلات بھی لے لی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے ان لوگوں کے جوابات دیے ہیں اور سیکورٹی فورسز کو بلینک چیک دے دیا کہ وہ بلوچستان کی بہتری کے لئے جو کرسکتے ہیں کریں۔ آغا رفیع اللہ نے واضح کیا کہ ان کی جانب سے الزامات نہیں لگائے گئے، جب بھی لگائے گئے تو محسن نقوی اور صدق ملک نے لگائے۔ اجلاس میں بلدیاتی نظام آرڈیننس بل 2025 پر بھی بات ہوئی۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ پیپلز پارٹی اس بل پر ووٹ نہیں دے گی۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ پھر ہم ووٹنگ کرالیتے ہیں۔ کمیٹی نے بلدیاتی نظام آرڈیننس کا بل 2025 منظور کرلیا۔ وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں تقریباً تین بجنے، بارش کے بعد اسلام آباد ڈیزاسٹر ہوگیا تھا اور کارکردگی پر بات کی جاسکتی ہے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ کمیٹی میں سیاسی گفتگو نہ کی جائے، ہم یہاں حقائق پر بات کرنے کے لئے بیٹھے ہیں اور پیپلز پارٹی کے اختلافی نوٹ کو شامل کیا جائے گا۔ پیپلز پارٹی کے اختلافی نوٹ میں کہا گیا کہ اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل 2026 پر پیپلز پارٹی نے اختلافی نوٹ جمع کرایا جس میں کہا گیا کہ بار بار قانون سازی کا مقصد اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا التوا لگتا ہے۔ حکومت کی جانب سے مسلسل ترمیمی بلز اور آرڈیننس لانا انتخابی عمل میں رکاوٹ ہے۔ الیکشن کمیشن جب بھی الیکشن کی طرف بڑھتا ہے تو ترمیمی بل لے آیا جاتا ہے۔ اختلافی نوٹ میں آئین کے آرٹیکل 140 اے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ مقامی حکومتوں کو سیاسی اور مالی اختیارات کی منتقلی لازمی ہے۔ اسلام آباد کے شہری کئی سال سے منتخب بلدیاتی نمائندوں سے محروم ہیں اور وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی نمائندوں کی غیر موجودگی جمہوریت پر سوالیہ نشان ہے۔ بلدیاتی نظام میں بار بار کی تبدیلیاں انتخابی التوا کا جواز نہیں بن سکتیں۔ بل کا جائزہ لیا جائے کہ کیا یہ الیکشن کروانے میں مددگار ہے یا غیر قانونی روڑا اٹکایا جارہا ہے۔ حکومت کو بلدیاتی انتخابات روکنے کی بجائے الیکشن کمیشن کو سہولت دینی چاہیے۔ اختلافی نوٹ پر پیپلز پارٹی کے سید رفیع اللہ، جمال رئیسانی، نبیل گبول اور قادر پٹیل کے دستخط موجود ہیں۔ خوشحال کاکڑ نے بھی بل کی مخالفت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 04 SEP 2026 Page No. 17

## سیاسی رہنما

# سردار عطاء اللہ مینگل عظیم رہنما زندگی بھر محکوم اقوام کے حقوق کیلئے کوشاں رہے

انہوں نے قومی تحریکوں میں اصولوں، فکر و نظریے کو طور دار رکھتے ہوئے آمریت کا مقابلہ کیا اور روشن خیال فکر کو پروان چڑھایا، مقررین

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے اور بی ایس او کے زیر اہتمام راہشون سردار عطاء اللہ مینگل کی 5 پانچویں برسی اور شہدا شاہوانی اسٹیڈیم ٹیچی ہگ کی پہلی برسی کی مناسبت سے زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ تعزیتی ریفرنس النوید ہاؤسنگ سکیم منعقد ہوا تعزیتی ریفرنس کے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض جاوید بلوچ، عاطف رودینی نے سرانجام دیے لالا غفار نے تلاوت کلام پاک، پیری سعادت حاصل کی اس موقع پر ساجد ترین ایڈووکیٹ، پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، تحریک انصاف کے صوبائی صدر داد شاہ، بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل صمد بلوچ، پارٹی کے مرکزی ڈپٹی ملک نسیم شاہوانی، جمعیت علمائے اسلام کے مولانا امین اللہ، نیشنل پارٹی کے ڈاکٹر اسحاق بلوچ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عیسیٰ خان روشان، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی رہنما قادر نائل ہزارہ، ضلعی آرگنائزر حاجی وحید لہڑی، ضلعی آرگنائزر کمیٹی کی ممبر فریدہ ایڈووکیٹ، بی ایس او کے زونل صدر کبیر بلوچ نے بھی خطاب کیا مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ نے ریفرنس میں قرارداد پیش کی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل عظیم سیاسی رہنما تھے جنہوں نے ہر دور میں بلوچ، پشتون، سندھی سمیت دیگر محکوم اقوام کی قومی حقوق کیلئے کوشاں رہے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔

# ڈاکٹروں کی تذلیل اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر تشدد قابل مذمت ہے، ڈاکٹر مالک

تمام شاہراہیں لوگوں کی آمد و رفت کے لیے بند ہیں، کسی کو جانے کی اجازت نہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے ٹیچنگ اسپتال تربت کے ڈاکٹروں کی تذلیل اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دن سے ... بند کیا گیا ہے، تمام شاہراہیں لوگوں کی آمد و رفت کے لیے بند ہیں ... بسیمہ تک کے نہ تو مریضوں کو اور نہ ہی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو اسپتال جانے کی اجازت دی جارہی ہے

# کوئٹہ میں ممتاز تاجر کا قتل قابل مذمت ہے، پشتونخوا نیپ

[illegible]

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کوئٹہ میں ممتاز تاجر حاجی صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید کیے جانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعے کو انتہائی افسوسناک اور تشویشناک قرار دیا گیا ہے۔ مذمتی بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا اور جرائم کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس کے باعث عوام جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے شدید خوف و تشویش میں مبتلا ہیں۔ حاجی صلاح الدین نورزئی کا بہیمانہ قتل امن و امان کی ابتر صورتحال کی ایک اور افسوسناک مثال ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ واقعے کی سنگینی اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ مرحوم حاجی صلاح الدین نورزئی کے بیٹے کو بھی اغوا کیا گیا تھا جو تاحال لاپتہ ہے۔

# متحد رہے تو ہمارے مسائل حل، مشکلات و پریشانیوں میں کمی آئے گی، ہدایت الرحمن

[illegible]

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کامیاب شٹر ڈاؤن پر بلوچستان بھر کے دکانداروں، تاجروں اور شہریوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی کال پر پورے ملک کی طرح بلوچستان بھر میں قیام امن، بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز و سڑکوں کی بندش اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کے خلاف سب متحد ہوئے اگر ہم متحد رہے تو ہمارے مسائل حل، مشکلات و پریشانیوں میں کمی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمن کی کال پر ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں گوادر سے ژوب اور چمن سے حب تک تمام تاجروں اور دکانداروں نے کامیاب شٹر ڈاؤن کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔

MASHRIQ QUETTA

# ملک میں آئین، پارلیمنٹ کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے، پشتون قومی جرگہ

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مسلسل بدامنی کے واقعات باعث تشویش ہیں، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ریاست یقینی بنائے

افغانستان کے مسئلے کا حل افغان عوام کی مرضی، باہمی سیاسی مفاہمت اور سیاسی عمل کے ذریعے تلاش کیا جائے، جرگہ کی قراردادیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی دعوت پر ہونے والے جرگہ منعقدہ 11 تا 14 مارچ 2022 کے فیصلوں کی روشنی میں 30،31 اگست اور یکم ستمبر 2026 کو کوئٹہ میں جنوبی پشتونخوا کے عوام اور پشتون قوم کا جرگہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے جرگہ کی متفقہ قراردادوں کی منظوری لی۔ جنوبی پشتونخوا کے عوام کے اس تین ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

روزہ نمائندہ جرگے میں مختلف اضلاع سے آئے ہوئے سیاسی و سماجی رہنماؤں، قبائلی عمائدین، دانشوروں، وکلاء، نوجوانوں، خواتین، مزدوروں، کسانوں، تاجروں، صحافیوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے ملک، بالخصوص پشتون علاقوں کی موجودہ سیاسی، آئینی، امن و امان، معاشی، سماجی اور قومی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا۔ جرگہ شرکاء کی تقاریر، آراء اور تجاویز کی روشنی میں متعدد قراردادیں متفقہ طور پر منظور کی گئیں جن کے مطابق جرگہ کے شرکاء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا گیا اور ان کے قومی جذبے، سیاسی شعور اور جمہوری عزم کو خراج تحسین پیش کیا گیا امن و امان، دہشت گردی اور تشدد کے خاتمے جرگہ جنوبی پشتونخوا، بالخصوص ژوب، برمائی، زیارت، کوئٹہ، ہنہ اوڑک، ماڑگی، منگل و، پشین، سراناں، سرہ غوڑگئی، زیارت کراس، قلعہ عبداللہ خان، تحصیل گلستان، سلیرئی، محمد زئی اور میزئی اڈہ سمیت مختلف علاقوں میں مسلسل بگڑتی ہوئی امن و امان کی صورتحال، پر تشدد قتل و غارت کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بدامنی کی مذمت کی گئی اور مطالبہ کیا گیا شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ریاست یقینی بنائے۔۔۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 04 SEP 2026 Page No.

# زیارت کراس، سوراب، دشت، پنجگور اور دیگر علاقوں میں فورسز کی کارروائیاں، اہم کمانڈر سمیت 16 دہشتگرد ہلاک

**سوراب میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم کے کمانڈر ظہور احمد کو ہلاک کر دیا گیا، دشت میں کارروائی کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے ان کے ٹھکانے تباہ کر دیئے**

**پنجگور کے علاقے میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کیخلاف کارروائی کے دوران 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے قبضے سے بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور گولیاں برآمد کر لی گئیں**

**زیارت کراس اور کچھ موڑ کے درمیانی علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر فورسز نے آپریشن کے دوران 5 دہشت گردوں کو ہلاک کیا، سوراب میں تین دہشت گرد مارے گئے**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مختلف علاقوں زیارت کراس، سوراب، دشت، پنجگور اور دیگر مقامات پر سیکورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم کے اہم کمانڈر سمیت 16 دہشت گرد ہلاک ہو گئے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود برآمد کر لیا گیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کی جانب سے گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے سوراب میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم کے کمانڈر ظہور احمد کو ہلاک کر دیا اس کے علاوہ دشت کے علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے ٹھکانے تباہ کر دیئے گئے اس کے علاوہ پنجگور کے علاقے میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود برآمد کر لیا ایک اور کارروائی میں زیارت کراس اور کچھ موڑ کے درمیان علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن کے دوران 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سوراب کے علاقے میں آئی ای ڈی حملے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردوں کی موجودگی تک جاری رہے گا۔

## نوشکی: مبینہ زیادتی کا شکار اور قتل کی گئی بچی کا پوسٹ مارٹم، ملزمان زیر تفتیش

**وجہ موت دم گھٹنا، چوٹ کے نشانات بھی تھے، نمونے تجزیے کیلئے پنجاب فارنزک لیب بھجوائے جائیں گے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نوشکی میں مبینہ جنسی زیادتی کے بعد قتل کی گئی بچی کا پوسٹ مارٹم سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ میں مکمل کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نوشکی کے علاقے احمد وال میں مبینہ طور پر جنسی زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کی گئی بچی کی عمر 6 سے 7 سال ہے۔ ذرائع کے مطابق پوسٹ مارٹم میں موت کی وجہ دم گھٹنا تھا جبکہ بچی کے نازک حصوں پر خون اور چوٹ کے نشانات بھی پائے گئے۔ سول اسپتال ذرائع نے بتایا کہ بچی کے جسم کے نمونے تجزیے کے لیے لاہور میں پنجاب فارنزک لیب بھجوائے جائیں گے اور پوسٹ مارٹم رپورٹ کل تک متعلقہ تفتیشی افسر کے حوالے کردی جائے گی۔ نوشکی کے علاقے احمد وال میں بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی اور تشدد کے بعد ہلاکت کا واقعہ پیش آیا تھا۔ پولیس کے مطابق بچی کے قتل کے الزام میں تین ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے، جن سے تفتیش جاری ہے۔

## کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے تاجر کو قتل کردیا، لواحقین کا احتجاج

**ایئرپورٹ روڈ پر دھرنے سے ٹریفک معطل، انتظامیہ کی یقین دہانی پر احتجاج ختم، صلاح الدین سپرد خاک**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے تاجر کو قتل کردیا۔ مقتول کے اہلخانہ، عزیز و اقارب اور رشتہ داروں نے نعش کے ہمراہ کلی گل محمد کے قریب ایئرپورٹ روڈ پر احتجاج کرتے ہوئے روڈ بلاک کردیا، جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوئی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب معروف تاجر صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقتول کے اہلخانہ اور عزیز و اقارب نے لاش ایئرپورٹ روڈ پر کلی گل محمد کے قریب رکھ کر احتجاج کیا، جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی۔ انتظامیہ کی یقین دہانی پر مظاہرین نے احتجاج ختم کردیا اور جمعرات کو مقتول کی مقامی قبرستان میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد تدفین کردی گئی۔

## گڈانی: ایک ٹن 13 کلوگرام آئس برآمد کرلی گئی

حب (نامہ نگار) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس بلوچستان کی گڈانی میں کارروائی، ایک ٹن 13 کلو گرام آئس برآمد کرلی گئی، بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمت 74.19 ارب روپے بنتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس بلوچستان ساؤتھ زون محمد زمان خان نے حب میں سوک سینٹر اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ روز گڈانی میں ریت میں چھپائی گئی (ڈمپ شدہ) 1 ٹن اور 13 کلو گرام آئس برآمد کی ہے، جس کی بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمت 74.19 ارب روپے بنتی ہے۔

## جھل مگسی سے اغوا ہونے والے تین افراد بازیاب

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی کے علاقے نغور سے اغوا ہونے والے تین افراد بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے تفصیلات کے مطابق بیس روز قبل جھل مگسی کے علاقے نغور کے مقام پر واقع کریش پلانٹ سے اغوا ہونے والے تین افراد سکندر علی ساکن جھل مگسی، محمود ساکن کوئٹہ اور نیاز علی ساکن ڈیرہ مراد جمالی بازیاب ہوکر گھر واپس پہنچ گئے ہیں۔

## زیارت کراس کے قریب دہشتگردوں کی فائرنگ، ڈی سی ہرنائی کے 2 گن مین زخمی

**اسکواڈ پر فائرنگ سے نصر اللہ اور دوست محمد زخمی ہوئے، جوابی فائرنگ پر دہشت گرد فرار ہونے میں کامیاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) زیارت کراس کے قریب نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈی سی ہرنائی کے 2 گن مین زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو زیارت کراس کے قریب نامعلوم دہشت گردوں نے ڈی سی ہرنائی کے اسکواڈ پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں انکے 2 محافظ نصر اللہ اور دوست محمد زخمی ہوگئے جوابی کارروائی کے بعد نامعلوم دہشت گرد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اسکواڈ کی گاڑی ڈی سی ہرنائی کو کوئٹہ پہنچا کر واپس ہرنائی جارہی تھی کہ واقعہ پیش آیا۔ واقعہ کے بعد سکیورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

## سریاب: مسلح رہزنوں کی اسلحہ کے زور پر شہری سے لوٹ مار، مزاحمت پر زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب میں مسلح رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر ایک شہری سے ہزاروں روپے لوٹ لئے، مزاحمت پر اسے زخمی کردیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ شہید محمود الرحمن سریاب کے علاقے میں نامعلوم رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر کلیم اللہ سے 35 ہزار روپے چھین لئے جبکہ مزاحمت کرنے پر اسے زخمی کردیا اور فرار ہوگئے۔ زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا، پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔



## شیرانی سے ژوب جاتے ہوئے 2 اہلکار لاپتہ، موبائل بھی بند

**مسافر بس سے سواریوں کو اتارنے کے روز سے لاپتہ ہیں، ایس پی شیرانی**

شیرانی (یو این اے) شیرانی پولیس کے دو اہلکار اے ایس آئی عبدالمالک ناصر اور حوالدار امجد تین روز قبل شیرانی سے ژوب جاتے ہوئے لاپتہ ہوگئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ واقعہ مسافر بس سے سواریوں کو اتارنے کے دن پیش آیا تھا جس کے بعد سے........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

لاپتہ اہلکاروں کے موبائل فون نمبرز بھی بند جارہے ہیں۔ ایس پی شیرانی نے تصدیق کی ہے کہ دونوں اہلکاروں کی تلاش کیلئے کارروائی جاری ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 04 SEP 2026 Page No. 20


## کوئٹہ میں "بیگار" کے نام پر ٹرکوں کو کھڑا کرنے کا سلسلہ جاری ہے، گڈز ایسوسی ایشن

### ڈرائیور ذہنی اذیت میں مبتلا اور ٹرک مالکان اپنے کاروبار سے ہی بیزار آچکے' حاجی روزی خان مندوخیل

"بیگار" کے نام پر ڈرائیوروں کو بلا جواز پریشان کرنا ناقابل برداشت' پولیس اہلکاران ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں' ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان حاجی روزی خان مندوخیل نے کہا ہے کہ مغربی بائی پاس، بالخصوص ایئرپورٹ چوک پر ہمارے ہیوی ٹرکوں کو بیگار کے نام پر انتہائی سخت اور ناجائز طریقے سے تنگ کیا جا رہا ہے، جس کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے ایس ایس پی آپریشن، آئی جی بلوچستان پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ خدارا ہیوی ٹرانسپورٹ کو بلاوجہ ڈسٹرب نہ کیا جائے۔ گزشتہ ایک ماہ سے بیگار کے نام پر ٹرکوں کو روکنے اور کھڑا کرنے کا سلسلہ جاری ہے، جس .........

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سے ڈرائیور شدید ذہنی اذیت میں مبتلا اور مالکان کاروبار سے بیزار آچکے ترجمان نے کہا کہ اگر حکومت یا انتظامیہ کو ٹرکوں کی ضرورت ہوتی ہے تو اس ضرورت کی آڑ میں ہر آنے جانے والے ٹرک کو روکنا اور بیگار کے نام پر ڈرائیوروں کو پریشان کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بعض اہلکار اس عمل کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے بلاوجہ ٹرکوں کو گھنٹوں کھڑا رکھتے ہیں، جو ٹرانسپورٹرز کے معاشی نقصان کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ایک قابل عمل تجویز دیتے ہوئے کہا کہ خالی کنٹینرز گوداموں میں انتہائی کم قیمت پر دستیاب ہوتے ہیں۔ اگر حکومت کو روزانہ بیگار کیلئے ٹرکوں کی ضرورت پڑتی ہے تو حکومت اپنے خرچ پر خالی کنٹینرز خرید کر اپنے پاس رکھے اور جہاں ضرورت ہو انہیں استعمال کرے ہر روز نجی ٹرانسپورٹرز کے قیمتی ٹرکوں کو روک کر استعمال کرنا کسی صورت مناسب نہیں۔ حاجی روزی خان مندوخیل نے کہا کہ ہم بھی اس ملک کے ذمہ دار شہری ہیں اور ملکی دفاع و سلامتی کی اہمیت کو بخوبی سمجھتے ہیں۔

## گرین بسوں کے روٹ کو ہزار گنجی مارکیٹ تک توسیع دی جائے، طلبا، ملازمین، شہری

### وزیر اعلیٰ بلوچستان کا گرین بس منصوبہ نہایت ہی قابل قدر اقدام، کوئٹہ کے غریب عوام بہت زیادہ مستفید ہو رہے ہیں

گاہی خان چوک تک آخری سٹاپ ہونے کی وجہ سے اس روٹ کی ایک بہت بڑی آبادی متاثر ہو رہی ہے، عوام سے مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) حلقہ شاہ ویزئی کے سیاسی، سماجی و قبائلی حلقوں، طلباء و طالبات، سرکاری ملازمین، تاجر برادری اور کلی کمالو، کلی گوہر آباد، زہری ٹاؤن، نیو کاہان، سادات مارکیٹ، خلق لعل آباد محمد حسنی، کلی ریکسانی اور ہزار گنجی کے گرد و نواح میں رہائش پذیر لوگوں نے مشترکہ طور پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور مشیر ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی سے پرزور اپیل کی ہے کہ سریاب روڈ پر چلنے والی گرین بسوں کے روٹ کو ہزار گنجی مارکیٹ تک توسیع دی جائے انہوں نے کہا کہ موجودہ وقت میں ہمیں بازار جانے کیلئے ڈبل روٹ استعمال کرنا پڑ رہا ہے جس سے ہمارا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے اور ہمیں ڈبل کرایہ بھی بھرنا پڑ رہا ہے انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا گرین بس منصوبہ نہایت ہی قابل قدر اقدام ہے جس سے کوئٹہ کے غریب عوام بہت زیادہ مستفید ہو رہے ہیں مگر سریاب روڈ کے گرین بسوں کا گاہی خان چوک تک آخری سٹاپ ہونے کی وجہ سے اس روٹ کی ایک بہت بڑی آبادی بری طرح متاثر ہو رہی ہے ہمارا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور مشیر ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی سے پرزور اپیل ہے کہ سریاب روڈ کے گرین بسوں کے روٹ کو ہزار گنجی مارکیٹ تک توسیع دی جائے تاکہ یہاں کے رہائشی ڈبل کرایہ اور وقت کے ضیاع سے بچ جائیں۔

# کوئٹہ میں صفائی کا نظام درہم برہم، گلیوں اور شاہراہوں پر کچرے کے ڈھیر، تعفن پھیلنے لگا

نجی کمپنی کے حوالے صفائی کا نظام، بہتری کے بجائے شہر میں کچرا اور گندگی بڑھ گئی، شہری سراپا احتجاج

علمدار روڈ، کاسی روڈ، شالدرہ اور لیاقت بازار سمیت مختلف علاقوں میں کچرا ڈھیر، بند نالیوں سے گندا پانی سڑکوں پر آ گیا

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر میں ایک بار پھر صفائی کا نظام ابتری کی صورتحال سے دوچار ہو گیا، مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر لگ گئے ہیں، جبکہ متعدد مقامات پر کئی روز سے کچرا نہ اٹھائے جانے کے باعث تعفن پھیل رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کی صفائی کا نظام ایک نجی کمپنی کے حوالے کیے جانے کے بعد صورتحال میں بہتری کے بجائے مزید بگاڑ پیدا ہو گیا ہے شہر کے مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر کئی دنوں سے پڑے ہیں جس کے باعث بدبو پیدا ہو رہی ہے اور جس سے مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ عوامی حلقوں نے شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں علمدار روڈ، کاسی روڈ، شالدرہ، سورج گنج بازار، لیاقت بازار اور دیگر علاقوں میں صبح سویرے صفائی کی بجائے دن 10 بجے نجی کمپنی کے عملے آکر صفائی کر رہے ہیں جس کے باعث گرد و غبار پھیل رہی ہے اور اہم شاہراہوں پر جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر نظر آتے ہیں، جبکہ متعدد علاقوں میں کچرا دان اوور فلو ہو جانے کے باوجود بروقت صفائی اور کچرا اٹھانے کا مؤثر انتظام نہیں کیا جا رہا۔ کچرے کے باعث شہریوں کو روزمرہ میں مشکلات کا سامنا ہے جبکہ بدبو اور تعفن سے ماحول بھی متاثر ہو رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق شہر کی اہم شاہراہوں پر صفائی کا کام صبح سویرے مکمل کرنے کے بجائے دن کے اوقات میں کیا جا رہا ہے۔ بعض شاہراہوں پر صبح کے بجائے تقریباً 10 سے 12 بجے تک صفائی کا عمل جاری رہتا ہے جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مصروف اوقات میں صفائی کی گاڑیوں اور عملے کی موجودگی سے ٹریفک جام ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں متعدد نالیاں بھی بند پڑی ہیں جس کے باعث گندا پانی سڑکوں اور گلیوں میں جمع ہونے لگا ہے۔ کچرے اور گندے پانی کی وجہ سے شہری علاقوں میں تعفن بڑھ رہا ہے جبکہ مچھروں اور مکھیوں کی افزائش کے باعث مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی ظاہر کیا جا رہا ہے

# کوئٹہ: دکانوں کے سامنے جانور ذبح کرنے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا

ذبح کے بعد خون اور دیگر فضلات سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر پھیل جاتے ہیں، جبکہ صفائی کا مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث کئی مقامات پر گندگی جمع رہتی ہے شہری حلقے

مصروف شاہراہوں پر جانور ذبح کرنے سے ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوتی ہے اور پیدل چلنے والوں خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف شاہراہوں اور گنجان آباد علاقوں میں قصابوں کی جانب سے دکانوں کے سامنے کھلے عام جانور ذبح کرنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جانوروں کا خون، آلائشیں اور گندا پانی سڑکوں پر بہنے سے نہ صرف ٹریفک اور پیدل آمدورفت متاثر ہو رہی ہے بلکہ تعفن اور مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی پیدا ہو گیا ہے۔ عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کے مختلف شاہراہوں علمدار روڈ، جوائنٹ روڈ، ڈبل روڈ، جناح چوک، کاسی روڈ سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں بعض قصاب اپنی دکانوں کے سامنے جانور باندھ کر انہیں وہیں ذبح کرتے ہیں۔ ذبح کے بعد خون اور دیگر فضلات سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر پھیل جاتے ہیں، جبکہ صفائی کا مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث کئی مقامات پر گندگی جمع رہتی ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ مصروف شاہراہوں پر جانور ذبح کرنے سے ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوتی ہے اور پیدل چلنے والوں خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خون اور آلائشوں کے سڑکوں پر بہنے سے بدبو اور تعفن پیدا ہونے کے ساتھ مکھیوں اور دیگر جراثیم کی بڑھنے کا خدشہ ہے جو شہریوں کی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے میٹروپولیٹن کارپوریشن، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر کی مین شاہراہوں اور آبادی والے علاقوں میں دکانوں کے سامنے جانور ذبح کرنے کا نوٹس لیا جائے، قصابوں کو مقررہ مذبح خانوں میں ذبح کرنے کا پابند بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں صفائی کے نظام کو مؤثر بنایا جائے اور سڑکوں پر خون و آلائشیں پھینکے جانے کی روک تھام کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں تاکہ کوئٹہ شہر کو گندگی، تعفن اور ممکنہ وبائی امراض سے محفوظ رکھا جا سکے۔

# Prioritizing healthcare

For decades, Balochistan's healthcare system has struggled under the structural burden of geographical vastness and systemic neglect. Spanning nearly half of Pakistan's landmass, the province presents a unique logistical challenge where sparse, scattered populations make providing uniform social services extraordinarily difficult. In rural and remote districts stretching from the rugged terrains of Zhob and Awaran to the coastal stretches of Gwadar access to basic medical care remains a privilege rather than a fundamental right. For millions residing in these isolated hamlets, a sudden illness or pregnancy complication often turns into a life-threatening crisis due to the absence of nearby, functioning medical facilities. Reforming the health sector is no longer merely a policy choice; it is an urgent socio-economic imperative.

At the heart of Balochistan's healthcare deficit lies a stark contrast between urban centers like Quetta and the far-flung rural hinterlands. Primary Health Care Centers (PHCs) and Basic Health Units (BHUs) across remote districts frequently suffer from non-functional infrastructure, a chronic shortage of essential medicines, and a pervasive absentee workforce. Pregnant women and infants bear the heaviest brunt, leading to dismal maternal and child mortality metrics that rank among the highest in the region. Families are often forced to undertake exhausting, costly journeys over hundreds of kilometers of unpaved roads to reach urban teaching hospitals, plunging already impoverished households deeper into debt.

Realizing sustainable relief requires multi-pronged institutional restructuring. First, human resource management needs immediate intervention. The government must incentivize medical professionals particularly specialized doctors, gynaecologists, and technical staff to serve in hardship zones through competitive rural allowances, hardship pay, and secure residential infrastructure. Second, physical infrastructure must be backed by digital innovation. Telemedicine networks, backed by reliable satellite communication, can instantly connect local rural practitioners with specialists in urban medical centers, drastically improving diagnostic accuracy and emergency response times in isolated regions.

Healthcare is the cornerstone of human capital and economic progress. By transforming fragmented, urban-centric medical systems into an inclusive, resilient public health network, Balochistan can alleviate widespread suffering, restore public trust in state institutions, and secure a healthier, more prosperous future for its people.

CamScanner